www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھٹہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ ABC Certified پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعرات 16 اپریل 2026ء بمطابق 27 شوال 1447ھ | شمارہ 261 | قیمت 10 روپے

پاکستان نے خطے میں امن کی کوششیں تیز کردیں

وزیراعظم سعودی عرب اور فیلڈ مارشل تہران پہنچ گئے

فیلڈ مارشل کا دورہ مصالحتی کوششوں کا حصہ ہے، تہران پہنچنے پر ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا استقبال کیا

جدہ پہنچنے پر شہزادہ سعود بن مشعال بن عبدالعزیز نائب گورنر مکہ ریجن، نے وزیرِ اعظم و پاکستانی وفد کا ایئرپورٹ پر پرتپاک استقبال کیا

پاکستان کے ذریعے امریکا کے ساتھ پیغامات کا تبادلہ ہو رہا ہے اور اسی سلسلے میں ایران آج پاکستانی وفد کی میزبانی کر رہا ہے، اسماعیل بقائی

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی تہران آمد ہوئی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق تہران پہنچنے پر ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا استقبال کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل کا دورہ مصالحتی کوششوں کا حصہ ہے، وزیر داخلہ محسن نقوی بھی فیلڈ مارشل کے ہمراہ ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق پاکستان کا ایک اعلیٰ سطحی وفد ایران پہنچ گیا ہے، جہاں وہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کی بحالی سے متعلق اہم گفتگو کرے گا۔ الجزیرہ نیوز کے مطابق ایرانی ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات دوبارہ شروع کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل ایرانی وزارت خارجہ کے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

ٹیکس کا پیسہ قوم کی امانت ہے

ایک ایک پائی کا حساب دینا ہماری ذمہ داری ہے

وزیر اعظم

2017 سے 2022 کے دوران اوور انوائسنگ کا مکروہ دھندا چلتا رہا اور متعلقہ ادارے اپنے فرائض سے مسلسل غافل رہے، وزیر اعظم کی ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی تیز کرنے کی ہدایت

فائنشل مونیٹرنگ یونٹ کو ایک فعال ادارہ بنایا جائے، ایف آئی اے اور ایجنسیں بیوروکے نمائندے بھی شامل کیے جائیں، ایسے واقعات کو مستقبل میں روکنے کے جامع حکمت عملی بنائی جائے، وزیر اعظم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ٹیکس کا پیسہ قوم کی امانت ہے، اسکی حفاظت ہمارا فرض اور ایک ایک پائی کا حساب دینا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت ایف بی آر کے امور پر بنتہ وار جائزہ اجلاس ہوا اجلاس کے موقع پر اور انوائسنگ کے حوالے سے بتایا گیا کہ ٹیکس کی رپورٹ پیش کی گئی۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت ایف بی آر کے امور پر بنتہ وار جائزہ اجلاس ہوا اجلاس کے موقع پر اور انوائسنگ کے حوالے سے بتایا گیا کہ ٹیکس کی رپورٹ پیش کی گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ 2017 سے 2022 کے دوران اوور انوائسنگ کا مکروہ دھندا چلتا رہا اور متعلقہ ادارے اپنے فرائض سے مسلسل غافل رہے۔ انہوں نے اس معاملے میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی تیز کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے مشتاق احمد سفیر ای کی سربراہی میں بنائی گئی کمیٹی کی رپورٹ پیش کی جبکہ شاہد خان کی سربراہی میں غفلت کے مرتکب افراد اور اداروں کا تعین کرنے اور انکے خلاف تحقیقات کا روائی کرنے کیلئے ایک کمیٹی بنا کر جلد رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔ وزیر اعظم نے زور دیا کہ ایسے واقعات کو مستقبل میں روکنے کے جامع حکمت عملی بنائی جائے۔ شہباز شریف نے ہدایت کی کہ فائنشل مونیٹرنگ یونٹ (FMU) کو ایک فعال ادارہ بنایا جائے اور اس میں ایف آئی اے اور انٹیلیجنس بیورو کے نمائندے بھی شامل کیے جائیں۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایف بی آر نے سٹرلائز ڈ پیائس و ویلیشن پوٹل ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

سپریم کورٹ کا پی آئی اے ملازم کو 24 سال کی پنشن ادا کرنے کا حکم

درخواست پی آئی اے کے سابق ملازم مصطفیٰ انصاری کی جانب سے دائر کی گئی تھی

آئندہ سماعت سے پہلے پنشن ادا نہ ہوئی تو ایم ڈی خود پیش ہوں، عدالت کا حکم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان نے پی آئی اے کے ملازم کو 24 سال کی پنشن ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے ایم ڈی پی آئی اے کو بھی طلبیہ میں طلب کر لیا، درخواست پی آئی اے کے سابق ملازم مصطفیٰ انصاری کی جانب سے دائر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

وزیر اعظم شہباز شریف نے اسلام آباد میں ایف بی آر جائزہ اجلاس کی صدارت کی

چینی سرمایہ کاروں کو ہر سطح پر سہولتیں مہیا کی جائینگی

محسن نقوی

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی کراچی میں چینی قونصلیٹ آمد، یانگ یونڈونگ نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا خیر مقدم کیا

چاہتے ہیں کہ پاکستان میں زیادہ سے زیادہ چینی سرمایہ کاری کریں، چینی بزنس مینوں کو بزنس فرینڈلی ماحول کی فراہمی ترجیح ہے

چین کے بزنس مینوں کے مسائل کے حل کیلئے جلد اسلام آباد میں کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

چینی قونصل جنرل نے پاک چین دوطرفہ تعاون بڑھانے کے لئے متحرک کردار پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی کراچی میں چینی قونصلیٹ آمد، چینی قونصل جنرل یانگ یونڈونگ نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا خیر مقدم کیا، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی چینی قونصل جنرل سے ملاقات، پاک چین دوطرفہ تعاون، چینی سرمایہ کاروں کو سہولتوں کی فراہمی اور سیکورٹی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال، وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاکستان میں چینی شہریوں کی حفاظت کے لئے کئے گئے اقدامات سے آگاہ کیا، وزیر داخلہ محسن نقوی کی چینی بزنس مینوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی، وزیر داخلہ محسن نقوی نے چینی قونصل جنرل اور کراچی کے چینی بزنس مینوں کو اسلام آباد کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی، وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ چین کے بزنس مینوں کے مسائل کے حل کیلئے جلد اسلام آباد میں کانفرنس کا انعقاد کیا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

دعا ہے امریکہ، ایران مذاکرات کا دوسرا راؤنڈ کامیاب ہو، خواجہ آصف

وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی حکمت عملی کے باعث عالمی سطح پر پاکستان کا تشخص بہتر ہوا

خواہش ہے کہ ایران لبنان اور فلسطین کے حقوق پامال نہ ہوں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے، دعا ہے کہ امریکہ، ایران مذاکرات کا دوسرا راؤنڈ کامیاب ہو، خواہش ہے کہ ایران لبنان اور فلسطین کے حقوق پامال نہ ہوں۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی حکمت عملی کے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

مکہ ریجن کے نائب گورنر شہزادہ سعود بن مشعل بن عبدالعزیز نے وزیر اعظم شہباز شریف کا استقبال کیا

حکومت کیلئے سہولت کاری کے الزام کو مسترد کرتا ہوں، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پی ٹی آئی رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ حکومت کے لیے سہولت کاری کے الزام کو مسترد کرتا ہوں۔ وفاقی دارالحکومت میں سابق گورنر سندھ محمد ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

آئی جی سندھ شہباز عالم اوڈھو سے انسانی حقوق کمیشن پاکستان کے چیئرمین ملاقات کر رہے ہیں

ایران کے ساتھ جنگ جلد ختم ہونے کے قریب ہے، ڈونلڈ ٹرمپ



واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ جلد ختم ہونے کے قریب ہے۔ فاکس نیوز کو انٹرویو دیتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

آئی جی سندھ سے اسد اقبال بٹ کی وفد کے ہمراہ ملاقات

وفد نے آئی جی سندھ ہیومن رائٹس کمیشن کی جاری کردہ 2024 کی رپورٹ بھی پیش کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو سے انسانی حقوق کمیشن پاکستان (HRCP) کے چیئرپرسن اسد اقبال بٹ نے وفد کے ہمراہ سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز اے آئی جی چیف ریسٹ و مائگریشن اینڈ ہیومن رائٹس، ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے وائس چیئرپرسن سندھ حاجی خنزر، کونسل ممبر سندھ سہیل ساگی، کونسل ممبر سعدیہ بلوچ اور پیشنل کوآرڈینیٹر سندھ عذا تحریمی موجود تھیں۔ ملاقات کے دوران ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

اسلامی بلاک جمعیت علماء کے منشور کا حصہ ہے

فضل الرحمن

اسلامی حکمرانوں کو سبق سیکھنا چاہیے کہ وحدت کے بغیر ہم ہمیشہ استعمال ہونگے اور ہم اپنے وسائل کے خود مالک نہیں ہونگے

قبلہ اول بیت المقدس کا تحفظ اور اسرائیل کے ناجائز قبضے سے آزاد کرانا ہر مسلمان اپنا فرض منصبی سمجھتا ہے، سربراہ جے یو آئی

امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کے لئے پاکستان کی میزبانی اعزاز ہے، ایرانی سفیر رضا امیری مقدم سے گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ایرانی سفیر رضا امیری مقدم کی قیادت میں ایلچی سطح کے وفد کی مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ آمد ہوئی۔ جے یو آئی ترجمان نے بتایا کہ ملاقات میں حالیہ امریکہ۔ ایران جنگ کے اثرات، مغربی سیت اہم امور پر تفصیلی نشست ہوئی۔ اس موقع پر مولانا فضل الرحمان کا اپنی گفتگو میں کہنا تھا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کے لئے پاکستان ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

پاکستان امتِ مسلمہ کے اتحاد کے مشن کو جاری رکھے گا، طاہر اشرفی

اسلام آباد میں ہونے والے ایران، امریکہ مذاکرات خطے میں امن کے قیام کے لئے نہایت اہم پیشرفت ہیں

اسلام آباد (اے پی پی) قومی پیغام امن کمیٹی کے کوآرڈینیٹر اور پاکستان علما کونسل کے چیئرمین حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان حالیہ کشیدگی، عرب اسلامی ممالک پر میزائل و ڈرون حملوں، نیز فائر اور اس کے بعد ہونے والے مذاکرات کے باعث اس وقت پوری دنیا کی توجہ اسلام آباد پر مرکوز ہے۔ جدہ کا اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کے سعودی عرب، قطر اور ترکیہ کے حالیہ دورے، نیز اسلام آباد میں ہونے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

جوہری صلاحیت توانائی کیلئے استعمال کرنا ہمارا حق ہے، اسماعیل بقائی

اپنے حقوق پر سمجھوتا نہیں کریں گے، خطے میں کسی قسم کی مداخلت قبول نہیں کریں گے

تہران (ویب ڈیسک) ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ جوہری صلاحیت توانائی کیلئے استعمال کرنا ہمارا حق ہے، اپنے حقوق پر سمجھوتا نہیں کریں گے۔ تہران میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اسماعیل بقائی کا کہنا تھا کہ اب جو مذاکرات ہوں گے وہ مکمل جنگ بندی کے لیے ہوں گے، خطے میں کسی قسم کی مداخلت قبول نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کھبیدہ کیا جوہری افزودگی کے معاملے پر گفتگو ہو سکتی ہے، ہمارے بارے یہ کہنا کہ چند دن میں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

پنجاب بلدیاتی انتخابات کے لیے حلقہ بندیوں کے شیڈول کا اعلان

پنجاب میں یونین کونسلوں کی حلقہ بندیوں کا مکمل 10 اگست تک مکمل کرلیا جائے گا

عوام کی جانب سے دائر کردہ تمام اعتراضات 22 جولائی تک نمٹا دیے جائیں گے

لاہور (ویب ڈیسک) الیکشن کمیشن نے پنجاب بلدیاتی انتخابات کے لیے حلقہ بندیوں کے شیڈول کا اعلان کردیا ہے۔ جی ٹی وی کے مطابق الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ کے تحت حلقہ بندیاں مکمل کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ پنجاب میں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ملاقات ہوئی

ایرانی فوج

آبنائے ہرمز دشمن ممالک کے جہازوں کو گزرنے کی اجازت نہیں

آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تمام جہازوں کو ایرانی حکام کے ساتھ رابطہ اور ہم آہنگی کرنا ہوگی، تاکہ سیکیورٹی کو یقینی بنایا جاسکے

ملک کی سلامتی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور اس سلسلے میں نئے اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں، ترجمان ایرانی فوج

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی فوج کے ترجمان نے کہا ہے کہ ایسے تیل بردار جہاز یا بحری جہاز جو ایران کے دشمن ممالک سے تعلق رکھتے ہیں، انہیں آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران ایران کی فوجی قیادت نے آبنائے ہرمز پر طنج فارس اور سیکیورٹان میں سیکیورٹی کے حوالے سے اہم اور سخت مقف اختیار کر لیا ہے۔ ایرانی فوج کے مطابق ملک کی سلامتی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور اس سلسلے میں نئے اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں۔ حکام کے مطابق اس اہم آبی گزرگاہ پر کنٹرول کے لیے نئے نظام اور طریقہ کار پر عمل درآمد کیا جا رہا ہے، جس میں نول لیس اور انرانٹ چارجز بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تمام ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

وزیر اعظم شہباز شریف مملکت سعودی عرب کے سرکاری دورے پر روانہ ہوئے

ایران امریکا مذاکرات کا دوسرا دور اسلام آباد میں اگلے ہفتے ہونے کا امکان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ایران امریکا مذاکرات کا دوسرا دور اسلام آباد میں اگلے ہفتے کے اختتام میں ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق انتظامیہ اور سیکیورٹی اداروں کو تیاریوں کی ہدایت جاری کردی گئی ہے۔ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، حالیہ سفارتی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (اے پی پی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ بینظیر بھٹو محمد اسحاق ڈار نے بدھ کو یہاں وزارت خارجہ میں ایک اجلاس کی صدارت کی جس میں سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ اور ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

سعودی عرب کا پاکستان کیلئے 3 ارب ڈالر صافی معاونت کا اعلان

سعودی عرب کا موجودہ 5 ارب ڈالر کا ڈپازٹ اب سالانہ بنیاد پر رول اوور کا پابند نہیں رہے گا بلکہ اسے طویل مدت کیلئے بڑھا دیا جائیگا

مملکت سعودی عرب نے پاکستان کیلئے مزید 3 ارب ڈالر کے ڈپازٹس کی منظوری دیدی، جن کی ادائیگی آئندہ ہفتے متوقع ہے، وزارت خزانہ

واشنگٹن (ویب ڈیسک) متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کو رواں ماہ بیرونی ادائیگیوں کے بعد مالیاتی استحکام بارے اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کیلئے 3 ارب ڈالر اضافی معاونت اور 5 ارب ڈالر کے ڈپازٹ میں توسیع کا اعلان کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ بینظیر محمد اورنگزیب نے اعلان کیا ہے کہ مملکت سعودی عرب نے پاکستان کیلئے مزید 3 ارب ڈالر کے ڈپازٹس کی منظوری دے دی ہے، جن کی ادائیگی آئندہ ہفتے متوقع ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے مزید بتایا کہ سعودی عرب کا موجودہ 5 ارب ڈالر کا ڈپازٹ اب سالانہ بنیاد پر رول اوور کا پابند نہیں رہے گا بلکہ اسے طویل مدت کیلئے بڑھا دیا جائے گا۔ واشنگٹن ڈی سی میں ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | شیئرنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، فلور 2، وینڈی کراف بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔

021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

وزیراعظم کا پٹرولیم نرخوں میں مزید کمی کا اعلان

وزیراعظم شہباز شریف نے قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈیزل کی قیمت میں 135 روپے اور پٹرول کی قیمت میں 12 روپے فی لٹر کی کمی کی جارہی ہے۔ ڈیزل کی نئی قیمت 385 روپے اور پٹرول کی نئی قیمت 366 روپے ہوگی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آج ایک تاریخ ساز موقع پر آپ سے بات کر رہا ہوں۔ خلیج میں اب جنگ نہیں، امن کی بات ہو رہی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ڈیزل کی قیمت 520 روپے فی لٹر سے کم ہو کر 385 روپے فی لٹر کردی گئی ہے جبکہ پٹرول کی قیمت میں 12 روپے فی لٹر کی کمی کی گئی ہے۔ پٹرول کی نئی قیمت 366 روپے فی لٹر ہوگی، جو پہلے 378 روپے فی لٹر تھی۔ وزیراعظم نے کہا کہ موٹر سائیکل، پیک اور گڈز ٹرانسپورٹ کے لیے سبسڈی جاری رہے گی۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ مشرق وسطیٰ میں جنگ شروع ہونے کے چوتھے، پانچویں روز پاکستان میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں 55 روپے فی لٹر اضافہ کردیا گیا، جس سے مہنگائی میں، جو پہلے ہی عام آدمی کی کمر توڑے ہوئے تھی، مزید اضافہ ہوگیا۔ لوگ اسی پر واویلا کررہے تھے کہ اگلے ہفتے پٹرول کی قیمت میں مزید 137 روپے اور ڈیزل کی قیمت میں 187 روپے کا بے رحمانہ اضافہ کردیا گیا، جس سے مہنگائی کے عام آدمی کی قوت خرید میں رہی سہی کسر بھی نکال دی تھی۔ یہ دونوں اضافے عالمی مارکیٹ میں قیمتوں سے مطابقت نہیں رکھتے تھے۔ خصوصی طور پر 55 روپے فی لٹر کا اضافہ اس پٹرولیم کے ذخیرے پر کیا گیا جو 60، 62 ڈالر فی بیرل کے حساب سے خریدا گیا تھا جبکہ مجموعی اضافہ 119 ڈالر بیرل کے تناسب سے کردیا گیا۔ عالمی مارکیٹ میں اتنی قیمت کبھی ہوئی ہی نہیں۔ پھر 137 روپے اضافے سے پٹرول کی قیمت میں مجموعی اضافہ 192 روپے ہوگیا۔ اس پر عوام کی طرف سے شدید ردعمل آیا، کچھ لوگ پیٹتے ہوئے نظر آتے تو مبینہ طور پر آئی ایم ایف کی اجازت سے 80 روپے فی لٹر کی کردی گئی اور اس میں اب مزید 12 روپے کی کمی کی گئی ہے۔ اس معمولی کمی سے مہنگائی میں بہت بڑی کمی نہیں ہوگی۔ صدر پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 40 فیصد کمی کا اعلان کیا ہے۔ گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں نمایاں کمی سے مہنگائی میں کمی آئے گی۔ دوسری جانب پاکستان سٹی مزدا گڈز ٹرانسپورٹ نے بھی کرایوں میں 25 فیصد کمی کا اعلان کیا ہے۔ فراٹیوورڈز کا کہنا ہے کہ گڈز ٹرانسپورٹ کی بنگلہ سے نئے کرایہ نامہ کے مطابق ہوگی۔ جتنا اضافہ پٹرول کی قیمت میں کیا گیا تھا، اگر اتنی ہی کمی کی جاتی تو مہنگائی کے ستائے ہوئے لوگوں کو کسی قدر ریلیف مل سکتا تھا۔ مجموعی طور پر کیے گئے اضافے میں 92 روپے کی کمی کی گئی ہے اور 100 روپے اب بھی کیا گیا اضافہ برقرار ہے۔ بڑھائے گئے باقی ماندہ نرخ بھی عوام کی برداشت سے باہر ہیں۔ آج حکومت کے پاس معیشت کو سنبھالنے اور عوام کو ریلیف دینے کا نادر موقع ہے۔ وہ چاہے تو مزید ریلیف دے کر عوام کے دل جیت سکتی ہے۔

اسلام آباد کی عالمی بیٹھک تاریخ ساز لمحے

تاریخ کبھی کبھار ہی کسی قوم یا قیادت کو ایسا نادر اور غیر معمولی موقع فراہم کرتی ہے جس کے ذریعے وہ نہ صرف اس قوم کی تقدیر بدلتی ہے بلکہ پوری دنیا کی سمت بھی تبدیل ہو جاتی ہے۔ ایسے مواقع خوش نصیب لوگوں کے حصے میں آتے ہیں، اور وہی لوگ تاریخ میں اپنا نام سنہری حروف سے رقم کرتے ہیں۔ عالیہ عالمی صورتحال میں پاکستان کی قیادت کو بھی ایسا ہی ایک تاریخی موقع میسر آیا، جسے بروقت اور دانشمندی سے استعمال کیا گیا۔ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ دنیا ایک مشکل دور سے گزر رہی تھی۔ اگرچہ یہ بحران پوری دنیا پر یکساں نہیں تھا، لیکن یورپ، ایشیا اور افریقہ کے بیشتر خطے شدید بے چینی اور غیر یقینی کیفیت میں مبتلا تھے۔ ایسے میں مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی نے عالمی امن کو عدیم خطرے میں ڈال دیا۔ عالمی طور پر ایران، جو کئی دہائیوں سے پابندیوں کا شکار ہے، ایک بار پھر عالمی سیاست کے مرکز میں آ گیا۔ ہوا یوں کہ ایران کی صورتحال کا جائزہ لیا جائے تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ اسلامی انقلاب کے بعد سے ہی اسے مختلف نوعیت کی پابندیوں کا سامنا رہا۔ ان پابندیوں نے اس کی معیشت، تجارت اور ٹیکنالوجی تک رسائی کو محدود کر دیا۔ نہ وہ آزادانہ طور پر تیل فروخت کر سکتا تھا اور نہ ہی جدید ٹیکنالوجی حاصل کر سکتا تھا۔ اس کے باوجود، ایران نے اپنی داخلی پالیسیوں کو مضبوط بناتے ہوئے زرعی شعبے میں نمایاں ترقی کی، تعلیمی نظام کو بہتر بنایا، اور اپنے عوام کو خود کفالت کی طرف لے جانے کی کوشش کی۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ایران نے ہمیشہ اسے مسلمہ کے اتحاد کی بات کی، اور مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے کی کوشش کی۔ مگر بدقسمتی سے، مسلم دنیا مختلف مسلکی، سیاسی اور علاقائی اختلافات کا شکار رہی۔ شیعہ اور سنی تقسیم نے اس اتحاد کو مزید کمزور کیا، جس کا فائدہ عالمی طاقتوں نے اٹھایا۔ تاہم، حالیہ تلخ صورتحال نے ایک مثبت پہلو بھی اجاگر کیا کہ اس بحران نے کم از کم اس فرقہ وارانہ تقسیم کو کسی حد تک کمزور کیا، اور مسلم دنیا میں اتحاد کی ایک نئی امید پیدا کی۔ اگر مسلمان ممالک آزادانہ طور پر تیل فروخت کرتا تھا اور نہ ہی جدید ٹیکنالوجی حاصل کر سکتا تھا۔ اس کے باوجود، ایران نے اپنی داخلی پالیسیوں کو مضبوط بناتے ہوئے زرعی شعبے میں نمایاں ترقی کی، تعلیمی نظام کو بہتر بنایا، اور اپنے عوام کو خود کفالت کی طرف لے جانے کی کوشش کی۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ایران نے ہمیشہ امت مسلمہ کے اتحاد کی بات کی، اور مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے کی کوشش کی۔ مگر بدقسمتی سے مسلم دنیا مختلف مسلکی، سیاسی اور علاقائی اختلافات کا شکار رہی۔ شیعہ اور سنی تقسیم نے اس اتحاد کو مزید کمزور کیا، جس کا فائدہ عالمی طاقتوں نے اٹھایا۔ تاہم، حالیہ تلخ صورتحال نے ایک مثبت پہلو بھی اجاگر کیا کہ اس بحران نے کم از کم اس فرقہ وارانہ تقسیم کو کسی حد تک کمزور کیا، اور مسلم دنیا میں اتحاد کی ایک نئی امید پیدا کی۔ اگر مسلمان ممالک آزادانہ طور پر تیل فروخت کرتا تھا اور نہ ہی جدید ٹیکنالوجی حاصل کر سکتا تھا۔ اس کے باوجود، ایران نے اپنی داخلی پالیسیوں کو مضبوط بناتے ہوئے زرعی شعبے میں نمایاں ترقی کی، تعلیمی نظام کو بہتر بنایا، اور اپنے عوام کو خود کفالت کی طرف لے جانے کی کوشش کی۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ایران نے ہمیشہ امت مسلمہ کے اتحاد کی بات کی، اور مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے کی کوشش کی۔ مگر بدقسمتی سے،

01

کراچی میں کینسر بہت کم ہے۔ مزید یہ کہ کراچی میں کینسر کی تشخیص کی شرح بھی کم ہے۔ ڈرامہ بیلٹ اور فضلوں کی کٹائی کے دوران پانی کا اخراج کم ہے۔ ڈرامہ ان کے مطابق کنٹرشرات ایک آورز کے دوران بھونچال کی شدت 18000 میگا واٹ رہی۔ آنے والے چند دنوں میں 3000 میگا واٹ پانی کے اخراج میں اضافے کا امکان ہے جس سے نچلی کی پیداوار بھی بڑھے گی۔ ڈرامہ ان کے مطابق یہ صرف رائے ہے کہ ڈیم کی تعمیر شروع ہو چکی ہے۔ کسان کو پیشگی ترتیب دیا گیا ہے۔ ان کے اوقات میں کسی بھی قسم کا شارٹ فال نہیں ہوتا۔ انہوں نے بتایا کہ آر بال ڈیم کی کی دستیابی سے بھی عوام کو بہت بہتری آ گئی ہے۔ ڈرامہ ان کے مطابق کم دستیابی کی وجہ سے پانی کا بڑا اضافی اور مینجمنٹ پر مضرت کا اعلان کرتے ہوئے صارفین کو بتایا کہ وہ دوسرے کے ہیں اطلاع کی کام سے کم استعمال کریں اور نچلی بیٹھ کے اصولوں پر عمل کریں۔

07

بقیہ نمبر ایک

نوٹیفکیشنز کا دورانیہ 8 ہفتے مقرر کیا گیا ہے۔ لیسٹو ڈرائج کا کہنا ہے کہ ان کے اوقات میں سلر کے باعث ملک میں کمی ہوئی ہے، شام ہوتے ہی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع کر دیا جاتا ہے۔ لیسٹو کو تقریباً 1000 میگاواٹ بجلی کی شارٹ فال کا سامنا کرنا پڑا، رات کے اوقات میں لیسٹو کی طلب 2900 میگاواٹ تک پہنچ گئی، دوپہر کے اوقات میں بجلی کے دو ٹیکے بھی ہی ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ ملتان اور جھنگ سمیں غیر اعلانی اور طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ سے شہری پریشان نظر آ رہے ہیں۔ ملتان کے شہری علاقوں میں 8 سے 10 گھنٹے جبکہ دیہی علاقوں میں بارہ گھنٹے تک کی لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے، لائن لاسز اور بلا ادائیگی بجلی کے لوڈشیڈنگ میں مزید 2 گھنٹے اضافہ کر دیا گیا، اوپر شیڈنگ کا دورانیہ 14 گھنٹے تک پہنچ گیا ہے۔ ملتان کے مطابق بجلی کی شارٹ فال 500 میگا واٹ تک ہے۔ ساتھ ہی تحصیل شجاع آباد میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 20 گھنٹوں تک جا پہنچا ہے جس کی وجہ سے شہری پریشان ہیں، بجلی کی لوڈشیڈنگ کے سے گرمیاں اور حبس کا سامنا کاروباری طبقہ سخت متاثر ہو رہا ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی بحران کی وجہ سے ہمارے کاروبار کا نام و نشان تک نہیں بچا۔ بجلی کی طویل اور غیر اعلانی لوڈشیڈنگ کے باعث اوسط سیف دیگر شہروں میں بھی بجلی کی کمی دیکھی گئی ہے۔

08

بقیہ نمبر ایک

تھا، کام نہ ہونے کی وجہ سے ہمیں پریشانی ہے۔ ملتان کے شہری علاقوں میں 8 سے 10 گھنٹے تک دیہی علاقوں میں بارہ گھنٹے تک کی لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے، لائن لاسز یا بلا ادائیگی بجلی کے لوڈشیڈنگ میں مزید 2 گھنٹے اضافہ کر دیا گیا، اوپر شیڈنگ کا دورانیہ 14 گھنٹے تک پہنچ گیا ہے۔ ملتان کے مطابق بجلی کی شارٹ فال 500 میگا واٹ تک ہے۔ ساتھ ہی تحصیل شجاع آباد میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 20 گھنٹوں تک جا پہنچا ہے جس کی وجہ سے شہری پریشان ہیں، بجلی کی لوڈشیڈنگ کے ساتھ ساتھ کاروباری طبقہ سخت متاثر ہو رہا ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی بحران کی وجہ سے ہمارے کاروبار کا نام و نشان تک نہیں بچا۔ بجلی کی طویل اور غیر اعلانی لوڈشیڈنگ کے باعث اوسط سیف دیگر شہروں میں بھی بجلی کی کمی دیکھی گئی ہے۔

02

بقیہ نمبر ایک

قیمت 5/اگست 8 ہزار 462 روپے فی تولہ ہو گئی۔ اسی طرح سنگاپور میں فی تولہ 3001 روپے کا اضافہ ہو گیا اور فی تولہ 4 لاکھ 31 ہزار 637 روپے کی سطح پر آ گئی۔ سونے کی قیمت بڑھنے کے ساتھ ہی کاپر کی قیمت بھی مہنگی ہو گئی۔ فی تولہ قیمت میں 40 روپے کا اضافہ ہے اور اس کی قیمت 404 روپے ہو گئی ہے۔ چاندی کی فی تولہ قیمت 8 روپے کا اضافہ ہوا ہے اور 124 روپے کے اضافے سے 10 گرام چاندی کی قیمت 7205 روپے کی ہو گئی ہے۔ اس کے علاوہ تانبے اور جست کے دو رکاوٹی اور مقامی سطح پر سونے کی قیمتوں کی کے بعد گزشتہ روز نرخوں میں اضافہ ریکارڈ ہوا تھا۔

03

بقیہ نمبر ایک

لاورف نے کہا کہ ماسکو والنٹیئرز کے ساتھ افتتاح میں ہوئے والے سربراہی اجلاس میں طے پانے والے معاہدوں پر تاہم ہے، جن کی توثیق دالاہیر سیاں کی رات کے پہلے پہر کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ روس نے تجاویز کو یکیک سنجیدگی سے تسلیم کیا، جس میں یوکرین میں زمینی حقائق کو قانونی طور پر تسلیم کرنے کی بات شامل تھی، تاہم، والادیمیر زیلنسکی اس مفت کو مسترد کرتے ہیں اور کریملن و ماسکو اس کو مثبت قرار دیتے ہیں، جو لاورف کے مطابق ذاکرتی تفاوت سے متعلق ہے۔ لاورف نے کہا کہ ذاکرتی کال کا آغاز زلنسکی ڈرامپ اور والادیمیر پیوتن کے لیے تھا، تاہم موجودہ امریکی انتظامیہ سابق صدر جو بائیڈن کے دور کی پابندیوں کو برقرار کیے ہوئے ہے یکدان میں تنہا رہ گئی ہے، یہ بات کہ روس اور ماسکو کے تعلقات میں خلل طور پر تعطل نہیں ہوئے۔

04

بقیہ نمبر ایک

ساعت ہوئے، اکتوبر تنج سینٹرل ایشیا کی سمیت کی ساعت کی، جس کے دوران ڈاکٹر فضیلہ عباسی عدالت میں پیش ہوئیں۔ عدالت نے ڈاکٹر فضیلہ عباسی کی بھوری ضمانتوں میں 20 اپریل تک توسیع کر دی ہے اور اپریل کی 17 مارچ تک ان کی گرفتاری سے روک دیا۔ ساعت کے دوران کی ہنایوں دالاوت نے رہا رکس دیے گزشتہ تین ماہ سے بھوری ضمانت تھی ہوئے ہیں، وہ بالکیرٹ کی ہوئے عمل کرتے ہوئے ملزمہ کو شامل تفتیش ہوتا عمل کرتے ہوئے ڈاکٹر فضیلہ عباسی کو ذی ایف ٹی اے کے سامنے شامل تفتیش ذیلی کی تنہ بلیٹ جاری کی ہے۔ ساعت کے دوران ڈاکٹر فضیلہ عباسی کی جانب سے متزعلی عباسی کے ساتھ اپنا جوائنٹ اکاؤنٹ رہی ہونی کرنے کی درخواست بھی دائر کی گئی ہے کہ ایف ٹی اے نے منی ایلائرنگ کیس کی تحقیقات کے سلسلے میں یہ اکاؤنٹ سلسلے میں سیل کر دکھا ہے۔

05

بقیہ نمبر ایک

پاکستان بلکہ عالمی تنظیم اور قابل اعتماد ویب دوست رہا ہے۔ ہر مشکل وقت میں سعودی قیادت اور عوام نے پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کا سنگ میل اور اعتماد اور باہمی رابطہ پر مبنی ہے۔ پاکستان بھی ہمیشہ سعودی عرب کے ساتھ کھڑا رہا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان یہ مضبوط شراکت داری وقت کے ساتھ مزید مستحکم ہوتی جا رہی ہے۔ عدالت مالی معاملات نہ صرف پاکستان کی معیشت کے استحکام میں مدد گار ثابت ہوگی بلکہ دونوں برادر ممالک کے درمیان گہرے تعلقات کی عکاسی بھی کرتی ہے۔ ہم سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے اس مسلسل تعاون اور غیر ثابتی کے جذبے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور اس امر کا عادہ کرتے ہیں کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات آئندہ بھی اسی طرح مضبوط اور مستحکم رہیں گے۔

06

بقیہ نمبر ایک

چھوڑ زیادہ ڈھلنجنٹ ہی، جبکہ کنٹرشرات یک خاتم میں تقریباً 500 میگاواٹ کا شارٹ فال رہا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ یہ نچلی میں کمی کی وجہ بنگ کے ڈیموں سے سمیوں کی جانب پانی کے اخراج کی کم ڈیمانڈ ہے۔ اس وقت سمیوں کو ڈیموں سے پانی ارسال کیا جا رہا ہے جو کہ

09

بقیہ نمبر ایک

خریدکر 80 سے 85 لاکھ فی یونٹ فروخت کیا۔ سائن کرنے والوں میں 1000 میگاواٹ رہی۔ آنے والے چند دنوں میں 3000 سے پانی کے اخراج میں اضافے کا امکان ہے جس سے نچلی کی پیداوار بھی بڑھے گی۔ ڈرامہ ان کے مطابق یہ صرف رائے ہے کہ ڈیم کی تعمیر شروع ہو چکی ہے۔ کسان کو ترتیب دیا گیا ہے۔ ان کے اوقات میں کسی بھی قسم کا شارٹ فال نہیں ہوتا۔ انہوں نے بتایا کہ آر بال ڈیم کی دستیابی سے بھی عوام کو بہت بہتری آ گئی ہے۔ ڈرامہ ان کے مطابق کم دستیابی کی وجہ سے صارفین کو بتایا کہ وہ دوسرے کے ساتھ کریں اور نچلی بیٹھ کے اصولوں پر عمل کریں۔

10

بقیہ نمبر ایک

ہوا ہے، ہمارے کاروبار کا نام و نشان تک نہیں بچا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں ان کے اوقات میں کسی بھی قسم کا شارٹ فال نہیں ہوتا۔ انہوں نے بتایا کہ آر بال ڈیم کی دستیابی سے بھی عوام کو بہت بہتری آ گئی ہے۔ ڈرامہ ان کے مطابق کم دستیابی کی وجہ سے صارفین کو بتایا کہ وہ دوسرے کے ساتھ کریں اور نچلی بیٹھ کے اصولوں پر عمل کریں۔

11

بقیہ نمبر ایک

تھا، ڈرامہ نے اکثر ماہوں کے اپنی بھائی کو ہے ساتھ مل کر پھر، متفقہ کا شوہر جرح کے میں ہے پر وزیر داخلہ سندھ ضیاالدین نے ٹوئٹ لیتے ہوئے اس کیس کی تحقیقات کے سلسلے میں یہ اکاونٹ

بدترین لوڈشیڈنگ ہر گھنٹے بعد بجلی بندش سے شہری اذیت میں مبتلا

ملک بھر میں دن بھر بجلی کی آنکھ مچولی سے کاروبار زندگی مفلوج ہو کر رہ گیا، رات کے وقت میں گھنٹوں بندش سے شہری نیند سے بھی محروم ہو گئے

شہروں میں روزانہ 6 سے 8 گھنٹے اور دیہی علاقوں میں 12 سے 14 گھنٹے تک بجلی کی بندش سے شہری بلبلا اٹھے، شہروں میں پانی کا بحران بھی پیدا ہو گیا

لاہور (ویب ڈیسک) گرمی کی شدت بڑھنے سے قبل ہی بجلی بحران شدت اختیار کر گیا، ملک بھر میں بدترین لوڈشیڈنگ سے شہری بے حال ہو گئے، بجلی بندش سے پانی کا بحران بھی پیدا ہونے لگا۔ زرائع کے مطابق ملک بھر کی تمام ڈسکوز میں بجلی کی صورتحال ابتر ہو گئی، بجلی کا شارٹ فال 4500 میگاواٹ تک جا پہنچا جس کے باعث لاہور سمیت جانب بھر میں غیر اعلانی لوڈشیڈنگ میں اضافہ ہوا ہے۔ شہریوں میں روزانہ 6 سے 8 گھنٹے اور دیہی علاقوں میں 12 سے 14 گھنٹے تک بجلی کی بندش سے شہری بلبلا اٹھے، دن بھر بجلی کی آنکھ مچولی سے کاروبار زندگی مفلوج ہو کر رہ گیا، جبکہ رات کے وقت میں گھنٹوں بندش سے شہری نیند سے بھی محروم ہو گئے۔ لیسکو میں شارٹ فال 1ہزار میگاواٹ سے زیادہ ہو گیا ہے، رات بھر لیسکو ریجن میں بدترین لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری رہا جس سے دارالحکومت پاور ڈویژن کا 15 گھنٹے 15 منٹ لوڈشیڈنگ کا بھوگی بھی ہوا ہو گیا۔ لاہور کے مختلف علاقوں میں ہر گھنٹے کے بعد ایک گھنٹہ بجلی بند ہو رہی، دیہی علاقوں میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

وزیر داخلی سندھ سید مراد علی شاہ کی کویت کے قونصل جنرل سلیم الحمدان کی ملاقات

بدترین لوڈشیڈنگ؛ پاور ڈویژن کا رات میں بجلی کم استعمال کرنیکا مشورہ

چین بجلی میں کمی کی وجہ ملک کے ڈیموں سے صوبوں کی جانب پانی کے اخراج کی کم ڈیمانڈ ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ملک بھر میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کے معاملے پر پاور ڈویژن کی جانب سے وضاحت سامنے آ گئی۔ ترجمان پاور ڈویژن نے بجلی کی صورتحال پر بیان جاری کرتے ہوئے بتایا ہے کہ گزشتہ رات کے اوقات میں چین بجلی کی پیداوار 1991 میگاواٹ کی رہی، پاور ڈویژن کی کم پیداوار کے باعث بجلی تقسیم کار کمپنیاں نے اعلانیہ سے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

سعودی عرب کا پاکستان کیلئے بروقت تعاون فراہم کرتے ہوئے 3 ارب ڈالر کا اعلان قابل قدر ہے، اسد عمر

لاہور (ویب ڈیسک) سابق وزیر اسد عمر کا 3 ارب ڈالر کے اضافی ڈپازٹ کا اعلان کیا ہے،

کہتے ہیں سعودی عرب نے ایک بار پھر پاکستان کے لیے عملی اور بروقت تعاون فراہم کرتے ہوئے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

بروقت قدر ہے۔ اپنے اکیس بیان میں انہوں نے کہا سعودی عرب ہمیشہ

منی لانڈرنگ کیس: ڈاکٹر فضیلہ عباسی کو شامل تفتیش ہونے کا حکم

عدالت نے 2 دیا ڈاکٹر فضیلہ عباسی کی عبوری ضمانتوں میں 20 اپریل تک توسیع کر دی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) منی لانڈرنگ کیس میں عدالت نے ڈاکٹر فضیلہ عباسی کی عبوری ضمانت میں توسیع کرتے ہوئے آج ہی شامل تفتیش ہونے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق اینٹی عدالت سینٹرل میں معروف صحافی ڈاکٹر فضیلہ عباسی کے خلاف منی لانڈرنگ کیس کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

محنت کش راولپنڈی میں موٹر سائیکل کی نشستیں تیار کر رہے ہیں

سعودی حکومت نے بغیر اجازت حج کرنے پر سخت سزاؤں کا اعلان کر دیا

غیر قانونی حجاج کو چھپا یا مدد کرنے والے پر ایک لاکھ ریال تک جرمانہ ہوگا، سعودی وزارت داخلہ

ریاض (ویب ڈیسک) سعودی حکومت نے حج کیلئے اجازت نامہ حاصل کرنے کی ہدایات کی خلاف ورزی پر سخت سزاں کا اعلان کر دیا۔ سعودی وزارت داخلہ کے مطابق بغیر اجازت حج کرنے یا حج کی کوشش پر 20 ہزار ریال تک جرمانہ کیا جا سکتا ہے کہ غیر قانونی حجاج کو چھپا یا مدد کرنے والے پر ایک لاکھ ریال تک جرمانہ ہوگا۔ سعودی وزارت داخلہ نے کہا کہ یہ پابندی یکم ذی القعدہ سے 14 ذی الحجہ تک نافذ رہے گی۔ اس کے علاوہ وزٹ ویزے والوں کو مکہ مکرمہ جانے پر متعلق .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

کراچی: صوبائی وزیر سید ناصر شاہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی وزیر ترقی نسواں سندھ ثابتہ شیر علی کا نڈو مستی خیر پور واقعے کا نوٹس

غیرت کے نام پر خواتین کو بے دردی سے قتل کیا جانا انتہائی افسوسناک و قابل مذمت ہے، ثابتہ شیر علی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر ترقی نسواں سندھ ثابتہ شیر علی نے خیر پور کے علاقے نڈو مستی میں غیرت کے نام پر خواتین کو بے دردی سے قتل کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے واقع کو انتہائی افسوسناک و قابل مذمت قرار دیا ہے۔ صوبائی وزیر ثابتہ شیر علی نے افسوسناک واقعے میں علاقہ مکینوں کی جانب سے خاموش تماشائی کے کردار پر بھی افسوس کا اظہار کیا۔ ثابتہ شیر علی نے ڈی آئی جی سکھر سے واقعے سے متعلق تفصیلی رپورٹ طلب کرتے ہوئے کہا کہ واقعے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

یارک شائر نے فاسٹ بولر حسن علی کو ویلیٹی بلاسٹ کے لیے اوور سیز کھلاڑی کے طور پر سائن کر لیا



لندن (ویب ڈیسک) انگلش کاؤنٹی کلب یارک شائر نے پاکستان کے فاسٹ بولر حسن علی کو ویلیٹی بلاسٹ کے لیے اوور سیز کھلاڑی کے طور پر سائن کر لیا۔ یارک شائر کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق حسن علی رواں سیزن کے دوران ٹی ٹوئنٹی بلاسٹ میں کیم کی نمائندگی کریں گے۔ پاکستانی فاسٹ بولر 2 کاؤنٹی چیمپئن شپ کے میچز میں بھی شرکت .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

حکومت معیشت کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے میں مکمل ناکام ہو گئی ہے، تیمور سلیم جھگڑا

پشاور (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف پی ٹی آئی) کے رہنما تیمور سلیم جھگڑا کہا ہے کہ حکومت پٹرولیم مصنوعات کی ایک قیمت برقرار نہیں رکھ پا رہی ہے۔ ایک بیان

میں تیمور سلیم جھگڑا نے کہا کہ حکومت معیشت کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

اڈیالہ جیل میں بشریٰ بی بی کی آنکھوں کا طبی معائنہ

راولپنڈی (ویب ڈیسک) اڈیالہ جیل میں بشریٰ بی بی کی آنکھوں کا دو گھنٹے تک طبی معائنہ ہوا، انہوں نے آنکھوں کے مسائل کے حوالے سے شکایت کی تھی۔ کے مطابق سرکاری طبی اسپتالوں سے باہر ڈاکٹروں پر مشتمل 3 رکنی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

یو اے ای اور ایرانی حکام کا رابطہ، کشیدگی میں کمی پر تبادلہ خیال

ابوظہبی (ویب ڈیسک) یو اے ای اور ایران کے اعلیٰ حکام کے درمیان اہم ٹیلیفونک رابطہ ہوا۔ عرب میڈیا کے مطابق نائب صدر شیخ منصور بن زاید اور ایرانی چیئرمین باقر قالیباف کے درمیان گفتگو کی گئی، دونوں رہنماں نے علاقائی صورتحال اور کشیدگی میں کمی پر تبادلہ خیال کیا۔ عرب میڈیا کے مطابق جنگ کے دوران امارتی حکام نے ایران کے حوالے سے سخت مؤقف .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کا کراچی میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آن دی اسپاٹ ڈیمولیشن آپریشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کوسٹل گورنمنٹ، ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ کے وزیر سید ناصر حسین شاہ کی ہدایات پر سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (SBCA) نے کراچی بھر میں غیر قانونی اور بغیر منظوری تعمیرات کے خلاف آن دی اسپاٹ ڈیمولیشن آپریشن مزید تیز کر دیا ہے۔ اس مہم کا مقصد شہریوں کی جان و مال کا تحفظ، بلڈنگ قوانین پر عملدرآمد، غیر قانونی تعمیرات کا خاتمہ اور شہر کے تعمیراتی نظام .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

اسٹریٹ فروش شملہ پہاڑی چوک لاہور میں خاندان کی مدد کیلئے کھلونے فروخت کرتا ہے

امریکی سفارتخانے کے 2 رکنی وفد کا اڈیالہ جیل کا دورہ

راولپنڈی (ویب ڈیسک) امریکی سفارتخانے کا 2 رکنی وفد اڈیالہ جیل پہنچا، جہاں وفد نے قیدی خاور جعفر حسین کو قنصلر رسائی حاصل کی۔ ذی ایس ڈی کے مطابق سفارتی وفد نے ڈپٹی ہیڈ مشن ڈپٹی کیٹر کے کمرے میں مجرم خاور جعفر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر عائد جرمانوں میں کمی کی تیاری

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانوں میں کمی کرنے کی تیاری کر لی گئی۔ وزیر داخلی پنجاب نے ذی آئی جی ٹریفک پنجاب کی تجویز سمری منظور کر لی، جبکہ جرمانوں میں کمی کی سمری پنجاب اسمبلی اجلاس میں پیش کی جائے گی۔ سمری کے مطابق موٹر سائیکل کا چالان 2 ہزار سے کم کر کے 1 ہزار روپے کر دیا گیا ہے، رکشے کا چالان 3 سے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

قبضہ مافیاز کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا

وزیر داخلہ سندھ

حکومت سندھ تاجر برادری کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے

حکومت سندھ کی اولین ترجیح تاجر برادری کے مسائل کا حل، سرمایہ کاری کا تحفظ اور کاروباری ماحول کو سازگار بنانا ہے، وزیر داخلہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ نے زمینوں پر قبضوں، تجاوزات اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے بڑا اور موثر اقدام کرتے ہوئے قائم کردہ خصوصی کمیٹی کا چوتھا اجلاس منعقد کیا، جس کی صدارت صوبائی وزیر داخلہ قانون و پارلیمانی امور ضیا الحسن لنجار نے کی۔ اجلاس میں شہریوں، تاجر برادری اور کاروباری طبقے کو لینڈ ریکوری، قبضہ مافیا اور غیر قانونی تجاوزات سے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

نویں جماعت کا فزکس کا پرچہ بھی آؤٹ ہونے کے بعد سوشل میڈیا پر وائرل

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی میں جاری میٹرک بورڈ کے تحت نویں اور دسویں کے امتحانات جاری ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق شفاف امتحانات کے حوالے سے میٹرک بورڈ انتظامیہ کے دعوے دھرے کے دھرے رہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

سونے اور چاندی کی عالمی و مقامی مارکیٹوں میں قیمت مزید بڑھ گئی

عالمی مارکیٹ میں بدھ کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 35 ڈالر کا اضافہ ریکارڈ ہوا

کراچی (ویب ڈیسک) سونے اور چاندی کی عالمی و مقامی مارکیٹوں میں قیمت میں مزید اضافہ ہو گیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں بدھ کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 35 ڈالر کا اضافہ ریکارڈ ہوا، جس کے نتیجے میں فی عالمی قیمت 4 ہزار 811 ڈالر فی اونس کی سطح پر آ گئی۔ دوسری جانب عالمی مارکیٹ کے زیر اثر مقامی صرافہ بازاروں میں بھی کاروباری ہفتے کے تیسرے دن 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت میں 3500 روپے کا اضافہ ریکارڈ ہونے سے فی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

یوکرین تنازع: روس کا امریکا سے مذاکرات جاری رکھنے کا اعلان

ماسکو (ویب ڈیسک) روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے کہا ہے کہ روس یوکرین تنازع کے حل کیلئے امریکا کے ساتھ مذاکرات جاری رکھے گا جیکہ تیاد ہے۔ جین کے دورے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سرگئی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

ٹریفک پولیس کا رافر مری روڈ راولپنڈی پر کاوٹ کو دور کر رہا ہے

پیٹرول قیمت بڑھنے سے مافیا کو اربوں کا فائدہ پہنچا، محمد زبیر

امریکا جنگ سے نہیں انداز ہوا تھا کہ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا، پریس کانفرنس

کراچی (ویب ڈیسک) پوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنما اور سابق گورنر سندھ محمد زبیر نے کہا ہے کہ پیٹرول کی قیمت بڑھنے سے مافیا کو اربوں کا فائدہ پہنچا۔ اسلام آباد سلطان اکرم راجا کے ہمراہ پریس کانفرنس میں محمد زبیر نے کہا کہ مافیا کے پاس پیٹرول پرانی قیمت میں دستیاب تھا، ایران امریکا جنگ سے نہیں انداز ہوا تھا کہ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرول کی قیمت بڑھنے سے مافیا کو اربوں کا فائدہ پہنچا، مافیا نے 60 سے 65 ڈالر فی بیرل .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

چینی سیٹلائٹ کی مدد سے ایران نے امریکی اڈوں پر حملے کیے، فنانشل ٹائمز

سیٹلائٹ 2024 کے آخر میں ایران کی پاسداران انقلاب کی ایرو اسپیس فورس کو فراہم کیا گیا، رپورٹ

لندن (ویب ڈیسک) برطانوی اخبار کی ایک رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ایران نے چینی جاسوس سیٹلائٹ کی مدد سے مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اڈوں کی نگرانی کی اور انہیں نشانہ بنانے میں اس ٹیکنالوجی کو استعمال کیا۔ فنانشل ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق یہ سیٹلائٹ 2024 کے آخر میں ایران کی پاسداران انقلاب کی ایرو اسپیس فورس کو فراہم کیا گیا۔ اس سیٹلائٹ کو خلا میں تعین کی مدد سے لانچ کیا گیا، جس کے بعد اسے ایران کے حوالے کر دیا گیا۔ برطانوی جریدے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

خیر پور جرگے کے دوران خاتون کا قتل، ماموں نانا سمیت 18 ملزمان گرفتار

قتل کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے پر وزیر داخلہ سندھ ضیا لنجار نے نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی خیر پور سے رپورٹ طلب کر لی

رقم دینے سے انکار پر ماموں نے اپنی بھانجی کو سب کے سامنے قتل کر دیا، آلہ قتل برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا، پولیس

خیر پور (ویب ڈیسک) خیر پور میں جرگے کے دوران فریق کے مطالبہ نہ ماننے پر چند کی شادی کرنے والی خاتون کو گلیاں مار کر قتل کر دیا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق پولیس کا کہنا ہے کہ خاتون کے ماموں اور نانا سمیت 18 ملزمان کو گرفتار کر کے آلہ قتل برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا۔ مقامی ذرائع کا کہنا ہے کہ جرگے میں لڑکی کے اہل خانہ نے سوا ایکڑ زمین اور 20 لاکھ نقد کا تقاضا کیا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

ایرانی ریال سمگل کرنے میں ملوث ملزمان میں سی ٹی ڈی اہلکار بھی شامل

کراچی (ویب ڈیسک) موبیکو پولیس کی کارروائی میں 29 ارب 69 کروڑ ایرانی ریال پکڑے جانے کے معاملے میں گرفتار ملزمان میں ایک سی ٹی ڈی کوئٹہ کا اہلکار بھی شامل ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ڈی آئی جی ساؤتھ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

گیس کی فراہمی بند ہونے سے چار سدہ روڈ، پشاور پر سی این جی اسٹیشن بند ہو گیا

بڑی خوشخبری، تیل و گیس کی بڑی دریافت کا سنگ میل حاصل

اسلام آباد (ویب ڈیسک) آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی (او جی ڈی سی) نے قوانین کے موجودہ بحران میں پاکستان کے لیے بڑی خوش خبری سنائی ہے جہاں او جی ڈی سی نے تھرپارکر کے براکزئی ایکس 1- کنواں سے تیل و گیس کی ملی تاریخ کی سب سے بڑی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

پاکستان میں کرپٹو کرنسی کی کمپنیز پر عائد پابندی ختم کرنے کا اعلان

کراچی (ویب ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے ملک میں ورچوئل اسٹ سروس (کرپٹو کرنسی کی کمپنیز) پر عائد پابندی ختم کرنے کا فوری نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق اسٹیٹ بینک نے کرپٹو کمپنیز پر عائد پابندی ختم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

سندھ میں اساتذہ کی بھرتی ٹیچنگ لائسنس سے مشروط کرنے کا فیصلہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ میں اساتذہ کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے ٹیچنگ لائسنس ٹیسٹ کو مرکزی حیثیت دینے کا فیصلہ، آئندہ ٹیسٹ کا مرحلہ رواں سال ستمبر میں منعقد کیا جائے گا جبکہ مستقبل کی اسامیاں بھرتیاں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

وزیر بلدیات ناصر شاہ کی زیر صدارت اہم اور اعلیٰ سطحی اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ کی زیر صدارت خیر میں جاری میگا ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ایک اہم اور اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں متعلقہ اداروں کے سینئر افسران نے شرکت کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

ای چالان کے نام پر جعلی SMS، شہری محتاط رہیں، ترجمان سیف سٹی

لاہور (ویب ڈیسک) ای چالان کے نام پر جعلی ایس ایم ایس کے ذریعے ڈیجیٹل فراڈ کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں کو خبردار کر دیا گیا۔ ترجمان سیف سٹی کے مطابق ای چالان کے آفیشل پیغام صرف "9915" سے بھیجے جاتے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

پاکستان کی غذائی ضروریات کا بڑا حصہ پنجاب پورا کرتا ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور (ویب ڈیسک) عظمیٰ بخاری نے صوبائی وزیر زراعت عاطف حسین کرمانی کے ہمراہ پنجاب اسمبلی میں مشترکہ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی غذائی ضروریات کا بڑا حصہ پنجاب پورا کرتا ہے اور رواں سال بھی گندم کی بہترین پیداوار حاصل .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

لاہور، راولپنڈی اور ملتان میں فری میٹرو بس سروس شروع کی جا رہی ہے، پریس کانفرنس

ہمیں پاپارازی کی ضرورت نہیں، جان بوجھ کر تصاویر لیک کروا دیتے ہیں، رمشا خان

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان کی معروف اداکارہ رمشا خان کی خوشحال خان کے ساتھ تلخ کی تصویر وائرل ہونے کے بعد ایک اور ڈیپ وائرل ہو گئی۔ رمشا خان اور خوشحال خان نے حال ہی میں ڈرامہ سیریل برباد کی میں مرکزی کردار نبھایا اور ناظرین کی توقعات پیش تھیں۔ اس سے قبل دونوں کو فی ٹی وی کے ڈرامے میں ساتھ دیکھا گیا جہاں شائقین ان کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

اسٹاک مارکیٹ میں زبردست تیزی ریکارڈ

امن مذاکرات کے دوسرے دور کا اعلان

اسٹاک مارکیٹ میں 5000 سے زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 70 ہزار 640 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا

کاروباری روز کے اختتام پر ہنڈرڈ انڈیکس 2 ہزار 885 پوائنٹس اضافے کیساتھ ایک لاکھ 68 ہزار 519 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا

کراچی (ویب ڈیسک) امن مذاکرات سے متعلق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیان کے بعد پاکستان سٹاک مارکیٹ میں زبردست تیزی ریکارڈ کی گئی۔ کاروباری ہفتے کے تیسرے روز کاروبار کے آغاز پر ٹریڈنگ کے دوران پاکستان سٹاک مارکیٹ میں 5000 سے زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 70 ہزار 640 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17